27/02/2025

09.25 AM(5 min)

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ عارف حسین سے خبریں سُنئے

بارش

جموں کشمیر کے مختلف میدانی علاقوں میں گزشتہ روز سے رُک کر بارشوں کا سلسلہ جاری ہے جبکہ بالائی علاقوں میں ہلکی سے درمیانہ درجے کی برف باری ریکارڈ کی گئی ہے ۔ بارہمولہ کے ہمارے نمائندے کوثر سلام کے مطابق سیاحتی مقام گلمرگ میں چھ انچ تازہ برف جمع ہوئی ہے جبکہ ضلع کے میدانی علاقوں میں بارشوں کا سلسلہ جاری ہے ۔

کپواڑہ سے ہمارے نمائندے رفیق احمدنے خبر دی ہے کہ ضلع کے سادھنا پاس ، فرکیاں گلی ، جُمگنڈ اور بَنگس سمیت دیگربالائی علاقوں میں تین فٹ تک برف جمع ہوئی ہے جبکہ چوکیبل ٹنگڈار ، کیرن اور مڑھل کی طرفجانے والی سڑکوں کو ٹریفک کے لئے بند کر دیا گیا ہے ۔

اِدھر شوپیان سے ہمارے نمائندے جان نثار احمد نے خبر دی ہے کہ ضلع کے بالائی علاقوں میں درمیانہ سے بھاری برف باری ہوئی ہے جبکہ نشیبی علاقوں میں بھاری بارشیں ہو رہی ہیں ۔

بارہمولہ

بارہمولہ کے Jathar Pati علاقے میں آسمانی بجلی گرنے کے ایک واقعے میں ایک خاتون سمیت دو افراد زخمی ہوئے ہیں ۔ دونوں کو اسپتال میں بھرتی کرا لیا گیا ہے ۔ نوشہرہ بو

نیار میں لینڈ سلائڈ کے ایک واقعے میں ایک رہائشی مکان کو نق□ان پہنچا ہے -¾

شاہراہ

سرینگر جموں قومی شاہراہ پر پچھلے دو دن کے دوران لگاتار بارشیں ہونے کے با وجود دو طرفہ ٹریفک کی آواجائی جاری ہے ۔ اس دوران ہمارے کولگام کے نمائندے خورشید پڈرو کے مطابق ٹریفک حکام نے مسافروں سے گزارش کی ہے کہ وہ خراب موسمی ورتحال کے پیش نظر سفر شروع کرنے سے قبل ٹریفک کنٹرول روم کے ساتھ رابطہ کریں ۔

ملاقات

ضلع ریاسی سے تعلق رکھنے والے منتخبہ عوامی نمائندوں کی ایک وفد نے ممبر پارلیمنٹ جُگل کشور شرما کی سربراہی میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی ۔ نمائندوں نے کئی عوامی اہمیت کے مطالبات ایل جی کی نوٹس میں لائے ۔ اسی دوران جموں شہر کے Swarankar Sangh اور آل انڈیا رجسٹرڈ نرسز فیڈریشن کی وفود نے بھی لیفٹنٹ گورنر سے ملاقات کی ۔

لائیو لی ہڈس مشن

جموں و کشمیر میں پسماندہ طبقے کی خواتین کو با اختیا ر بنانے کی غر ض سے رورل لائیو لی ہڈس مشن خاطر خواہ کام کر رہا ہے ۔اس مشن کے تحت مہیلا کسان سشکتی کرن پری یوجنا عملائی جا رہی ہے جس کے تحت پسماندہ طبقے کی خواتین کے لئے روزگار کے مواقعے پیدا کئے جا رہے ہیں ۔ آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے جموں کشمیر لائیو لی ہڈس مشن کی مشن ڈائریکٹر ڈاکٹر شبھرا شرما نے اس حوالے سے کہا ۔

Dr.Shubra)....Byte...........

سون میراث فسٹیول

فسٹیول " سون میراث" کے دوسرے روز کل ڈل جھیل سرینگر میں کشمیر کی Heritage سرینگر ثقافتی گو نا گونیت کو اجا گر کرنے کی غرض سے ایک شکارا ریلی کا اہتمام کیا گیا ۔ ریلی کا اہتمام ضلع انتظامیہ سرینگر نے اندرا گاندھی نیشنل سینٹر فار آرٹس کے اشتراک سے کیا تھا ۔

ایک پیڑ ماں کے نام مہم

ایک پیڑ ماں کے نام مہم کے تحت ایک طرف لوگوں میں حیاتیاتی تنوع کے تعلق سے بیداری پیدا کی جاتی ہے اور دوسری طرف لوگ اپنی ماں کے نام پرپودے لگانے کی جانب راغب کئے جاتے ہیں۔ جموں کشمیر جنگلات محکمہ اس مہم کو آگے بڑھا کر جموں کشمیر میں جنگلاتی اراضی کو توسیع دینے کیلئے لگاتار کام کر رہا ہے ۔

اس تعلق سے کمشنر سیکریٹری محکمہ جنگلات شیتل نندا نے اپنے تاثرات کا یوں اظہار کیا ۔

(Sheetal Nanda)....Byte....

KPDCL

کشمیر پاور ڈسٹریبیوشن کارپوریشن لمیٹڈ کے منیجنگ ڈائریکٹر محمود احمد شاہ نے کل جنوبی کشمیر کے دورے کے دوران کارپوریشن کی مالی حولیابیوں کے ساتھ ساتھ زیر تکمیل سوریہ گھر سکیم کی عمل آوری پر حاصل کی گئی پیش رفت کا جائزہ لیا ۔ PM پروجیکٹوں اور انہوں نے افسران پر زور دیا کہ وہ ماہِ رمضان کے دوران عوام کو بلا خلل بجلی سپلائی فراہم کرنے کے لئے تمام ضروری اقدامات کریں ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 5اعشاریہ 1 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت17 اعشاریہ 2 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ